## ہند۔چین سرحدی معاملہ پر رابطہ اور باہمی تعاون کے حوالے سے طریقہ کار پر دوطرفہ اجلاس

17 اکتوبر، 2014 (آئی این ایس انڈیا)

ہند۔چین سرحدی امور سے متعلق رابطہ اور باہمی تعاون کے موضوع پر 17-16 اکتوبر 2014 کو ایک میٹنگ ہوئی ،ہندوستانی وفد کی سربراہی جوائنٹ سیکریٹری برائے مشرقی ایشائی امور، پردیپ کمار راوت ،وزرات خارجہ، دفاع ،داخلہ نیز ہندوستانی فوج اور انڈو ۔تبت سرحدی پولس کے مشترکہ نمائندوں نے کی جبکہ چینی وفد کی قیادت سرحدی اور سمندری محکمہ اور وزارت خارجہ کے ڈائرکٹر جنرل مسٹر آینگ یو جنگ، نیز وزارت خارجہ اور قومی دفاع کے مشترکہ نمائندوں نے کی۔

مذاکرات دوستانہ اور تعمیری ماحول میں ہوئے۔دونوں فریق نے مغربی خطے میں حالیہ تعطل کے کامیاب خاتمہ کے بعد سرحد پر امن وسکون کی بحالی سے متعلق مختلف امور پر دوستانہ اور تعمیری ماحول میں تبادلہ خیال کیا۔طرفین نے اعتماد کی بحالی کے متعدد باہمی اقدامات اور جلد از جلد ان کی عمل آوری پر اتفاق کا اظہار کیا۔ان اقدامات میں فوجی ہیڈ کوارٹر اور فیلڈ کمانڈروں کے درمیان مسلسل باہمی رابطہ، اضافی سرحدی اہلکاروں کی میٹنگ نیز متفقہ مقام پر پیشگی چوکی کے درمیان مزید باہمی مواصلاتی رابطہ شامل ہے۔

امید ہے کہ یہ اقدامات سرحد پر پیدا ہونے والی صورتحال کے لئے موثر طریقہ سے بروقت معاون ثابت ہوں گے۔

فریقین نے اس طریقہ کار کی اہمیت پر زور دیا اور اس بات پر رضامندی کا اظہار کیا کہ سرحدی معاملوں کے حل کے لئے یہ ایک بنیادی طریقہ کار بن چکا ہے۔

طریقہ کار کے حوالے سے اگلی میٹنگ آئندہ کسی مناسب وقت پر منعقد ہونے کا امکان ہے۔

نئی دہلی،

17 اکتوبر، 2014